© rasailojaraid.com



لیکن ساتھ ہی مصنف سے اس امر کی بڑی شکایت ہے کہ انھوں نے تصویر کا صرف ایک رخ دکھایا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مسلمان گنہگار ہیں مگر کافر نہیں ہیں۔ اس بنا پر حد جاہئے سزا ہیں عقوبت کے واسطے" کا انھیں خیال رکھنا ضروری تھا۔ بے شبہ مسلمانوں کی تاریخ میں جگہ جگہ شام غم کی تاریکیاں نظر آتی ہیں۔ لیکن ساتھ ہی صبح امید کی ضوفشانیاں بھی کچھ کم نہیں ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ خود کیسے ہی رہے ہوں بہرحال ایک ہزار سال سے زیادہ تک انھوں نے دنیا میں اپنی ہر قسم کی عظمت و بزرگی کا سکہ چلایا ہے۔ مصنف اگر عربی سے واقف ہوتے اور براہ راست عربی ماخذ کا مطالعہ محنت اور استقلال سے کر سکتے تو ان کو معلوم ہوتا کہ ہر دور میں زہر کا تریاق بھی ہم پہنچایا جاتا رہا ہے اور طویل یا قصیر وقفوں کے بعد ایسے سلاطین اور علما پیدا ہوتے رہے ہیں۔ جنھوں نے مسلمانوں کی سوسائٹی کو غیر اسلامی اثرات سے پاک وصاف کرنے میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں مسلمانوں کی پوری تاریخ خیر وشر کی انھیں معرکہ آرائیوں کی ایک طویل داستان ہے اس میں سے صرف واقعاتِ شر کا انتخاب کر لینا ایک منصف نقاد کی شان سے بعید ہے۔ ضرورت اس کی ہے کہ مسلمانوں کو صحیح صحیح ان کی تاریخ کے دونوں رخ دکھائے جائیں تاکہ اپنے اچھے کارناموں کا تذکرہ پڑھکر ان کے دل قوی ہوں۔ حوصلے بلند ہوں۔ اور ارادوں میں پختگی ہو۔ اور برے اعمال کا جائزہ لیکر انھیں عبرت وبصیرت حاصل ہو اور وہ مستقبل میں ان کے اعادہ سے باز رہیں۔

افسوس ہے اس نقص کے علاوہ خالص علمی اعتبار سے بھی یہ کتاب بہت زیادہ ناقص ہے۔ محض دو چار غلطیوں کی طرف اشارہ کافی نہ ہوگا۔ علم حدیث، علومِ قرآن، سیر ورجال تاریخ فلسفہ اور علم کلام وغیرہ سے متعلق اس کتاب میں جو مباحث آئے ہیں وہ حد درجہ ناتمام اور بعض بعض جگہ تو فاحش اغلاط سے پر ہیں۔ اور اس کی وجہ غالباً یہی ہے کہ مصنف کے ماخذ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اکثر و بیشتر اردو کتابیں ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ علوم مذکورۂ بالا میں درک و بصیرت یا اس سلسلہ کی صحیح اور مستند معلومات عربی زبان میں ان علوم کو پڑھے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔

**کامیاب زندگی کا قرآنی تصور** از ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی۔ استاذ جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔ تقطیع کلاں۔ طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر ضخامت ۲۵ صفحات قیمت ۸ر پتہ: مصنف سے ملیگی۔

یہ ایک مفید اور دلچسپ مقالہ ہے جو پہلے مجموعۂ مقالاتِ علمیہ حیدرآباد دکن ۵ء میں شائع ہوا تھا اور اب عام افادہ کے خیال سے الگ شائع کردیا گیا ہے۔ اس مقالہ میں فاضل مقالہ نگار نے جو فلسفہ کے استاذ بھی ہیں۔ زندگی کے مقصد سے متعلق چند فلاسفہ کی آرار کو نقل کرنے کے بعد اس پر بحث کی ہے کہ کیا حصول لذت۔ شہرت و وجاہت اور دولت و ثروت ان میں سے کوئی ایک چیز بھی مقصد حیات یا سرمایۂ سرور و تسکین بن سکتے ہیں؟ فاضل مصنف نے فلسفیانہ دلائل اور دلچسپ اندازِ بیان سے ان تینوں چیزوں کی لغویت و رکاکت ثابت کی ہے اور پھر قرآنِ مجید کی تصریحات کی روشنی میں بتایا ہے کہ انسان کا اصل مقصدِ حیات عبادت اور تقویٰ و طہارت ہے اور اس طرح کی زندگی ہی جالب منفعت و دافع الم ہونے کے باعث کامیاب زندگی کہلائی جا سکتی ہے۔ مقالہ کی افادیت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ لیکن اچھا ہوتا اگر لائق مقالہ نگار حاشیہ میں ہی عبادت اور تقوی کا حقیقی اسلامی مفہوم بھی بیان کردیتے تاکہ پڑھنے والوں کو یہ شبہ نہ ہوتا کہ موصوف رہبانیت کی طرف مائل ہیں۔

**بچوں کا قاعدہ** از محمد عبدالغفار صاحب مدہولی۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۸۰ صفحات۔ کتابت و طباعت عمدہ قیمت ۲ر پتہ:- مکتبہ جامعہ دہلی۔

مدہولی صاحب نے یہ قاعدہ جدید طریقہ پر بچوں کو حروف آشنا کرنے اور تھوڑی مدت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں ہی ان میں اردو کے جملوں کو پڑھ لینے کی صلاحیت پیدا کرنے کی غرض سے لکھا ہے۔ ترتیب یہ ہے کہ پہلے تصویروں کے ساتھ ایک کہانی اس طرح لکھتے ہیں کہ ایک سطر میں تین لفظ آتے ہیں اور ایک ایک لفظ کو بعض اور لفظوں کے ساتھ ملا کر آخر تک دہراتے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ بچہ ان لفظوں سے مانوس ہو جاتا ہے اور اس لفظ کی ایک خاص ہیئت اس کے ذہن میں بیٹھ جاتی ہے۔ اس کے بعد وہ ایک ہی آواز کے چند مرکب حروف لکھ کر ان کی شناخت کرواتے ہیں اور اسی طرح تدریجی طور پر ہر دوسری کہانی میں پہلی کہانی کے الفاظ پر دو تین الفاظ کا اضافہ کر کے ان کی شناخت کرواتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ تمام حروف تہجی کی پہچان کے ساتھ ساتھ بچہ میں مرکب الفاظ اور چھوٹے چھوٹے جملوں کو پڑھ لینے کی صلاحیت بھی پیدا ہو جاتی ہے یہ طریقہ تعلیم پرانے طریقۂ تعلیم کی بہ نسبت کس قدر مفید ہے۔ چند بچوں پر تجربہ کرنے کے بعد اس کے متعلق زیادہ وثوق سے رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

**گلنار بیگم** از الیاس احمد صاحب مجیبی۔ تقطیع جیبی۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات۔ کاغذ خاکی اور دبیز۔ طباعت اور کتابت عمدہ قیمت ۸؍ پتہ :۔ بچوں کا بکڈپو دہلی

یہ چند کہانیوں کا مجموعہ ہے جو سب کی سب الف لیلہ کے افسانوں سے ماخوذ ہیں۔ الیاس احمد صاحب مجیبی نے ان کہانیوں کو بڑی خوبی اور خوش سلیقگی سے بچوں کے لئے بہت ہی آسان اور شیریں زبان میں لکھا ہے۔ اور اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا ہے کہ کہانیوں میں کوئی ایسی چیز نہ آنے پائے جو بچوں کے لئے اخلاقی اعتبار سے مضرت رساں ہو۔ شروع میں ڈاکٹر عابد حسین صاحب۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی وغیرہ حضرات کے مختصر دیباچے ہیں۔ امید ہے یہ کہانیاں بچوں اور بچیوں کے لئے بہت کچھ دلچسپی کا سبب ہوں گی۔

---



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# مطبوعات ندوۃ المصنفین دہلی

## سنہ ۱۹۴۱ء

### قصص القرآن حصہ اول

قصص قرآنی اور انبیاء علیہم السلام کے سوانح حیات اور ان کی دعوتِ حق کی مستند ترین تاریخ جس میں حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات قبل عبور دریا تک نہایت مفصل اور محققانہ انداز میں بیان کیے گئے ہیں قیمت للعہ

### وحی الٰہی

مسئلہ وحی پر پہلی محققانہ کتاب جس میں اس مسئلہ کے تمام گوشوں پر ایسے دلپذیر و دلکش انداز میں بحث کی گئی ہے کہ وحی اور اس کی صداقت کا ایمان افروز نقشہ آنکھوں کو روشن کرتا ہوا دل میں سماجاتا ہے۔ قیمت عہ

### بین الاقوامی سیاسی معلومات

بین الاقوامی سیاسی معلومات میں سیاسیات میں استعمال ہونیوالی تمام اصطلاحوں، قوموں کے درمیان سیاسی معاہدوں، بین الاقوامی تحصینوں اور تمام قوموں اور ملکوں کے سیاسی اور جغرافیائی حالات کو نہایت سہل اور دلچسپ انداز میں ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔ قیمت مجلد مع خوبصورت گرد پوش قیمت عہ

### تاریخ انقلاب روس

ٹراٹسکی کی مشہور و معروف کتاب "تاریخ انقلاب روس" کا مستند اور مکمل خلاصہ جس میں روس کے حیرت انگیز سیاسی اور اقتصادی انقلاب کے اسباب نتائج اور دیگر اہم واقعات کو نہایت تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ قیمت مجلد عہ

## سنہ ۱۹۴۲ء

### قصص القرآن حصہ دوم

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعاتِ عبور دریا سے لیکر حضرت یحییٰ علیہ السلام کے حالات تک ان تمام پیغمبروں کے سوانح حیات اور ان کی دعوتِ حق کی محققانہ تشریح و تفسیر جن کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے۔ قیمت للعہ

### اسلام کا اقتصادی نظام

طبع جدید۔ بڑی تقطیع۔ قیمت تین روپے آٹھ آنے

### تاریخ ملت حصہ دوم
### خلافت راشدہ

تاریخ ملت کا دوسرا حصہ جس میں عہد خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے واقعات مستند قدیم و جدید عربی تاریخوں کی بنیاد پر صحت و جامعیت کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں یہ کتاب کالجوں اور اسکولوں کے کورس میں داخل ہونے کے لائق ہے کتاب کی ترتیب کے وقت اس بات کا خاص طور پر لحاظ رکھا گیا ہے قیمت ۳؎

### مسلمانوں کا عروج اور زوال

اس کتاب میں اولاً خلافتِ راشدہ اس کے بعد مسلمانوں کی دوسری مختلف حکومتوں، ان کی سیاسی حکمت عملیوں اور مختلف دوروں میں مسلمانوں کے عام اجتماعی اور معاشرتی احوال و واقعات پر تبصرہ کرکے ان اسباب و عوامل کا تجزیہ کیا گیا ہے جو مسلمانوں کے غیر معمولی عروج اور اس کے بعد ان کے حیرت انگیز انحطاط و زوال میں موثر ہوئے ہیں۔ قیمت عہ

**مینیجر ندوۃ المصنفین قرول باغ دہلی**

© rasailojaraid.com